روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 11 مارچ 2006ء 10 صفر 1427 ہجری 11 امان 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 54

بری موت سے بچاؤ

حضرت رافع بن مکیثؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

صدقہ وخیرات بری موت سے بچاتا ہے۔

(مسند احمد۔ حدیث نمبر:15499)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نظام وصیت کے بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

خدا تعالیٰ کے کام میں وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

بلاشبہ اس نے ارادہ کیا ہے کہ اس انتظام سے منافق اور مومن میں تمیز کرے اور ہم خود محسوس کرتے ہیں کہ جو لوگ اس الٰہی انتظام پر اطلاع پا کر بلا توقف اس فکر میں پڑتے ہیں کہ دسواں حصہ کل جائیداد کا خدا کی راہ میں دیں بلکہ اس سے زیادہ اپنا جوش دکھلاتے ہیں وہ اپنی ایمانداری پر مہر لگا دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔(۔) کیا لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ میں اسی قدر پر راضی ہو جاؤں کہ وہ کہہ دیں کہ ہم ایمان لائے۔ اور ابھی ان کا امتحان نہ کیا جائے؟ اور یہ امتحان تو کچھ بھی چیز نہیں۔ صحابہؓ کا امتحان جانوں کے مطالبہ پر کیا گیا۔ اور انہوں نے اپنے سر خدا کی راہ میں دیئے۔ پھر ایسا گمان کہ کیوں یونہی عام اجازت ہر ایک کو نہ دی جائے کہ وہ اس قبرستان میں دفن کیا جائے کس قدر دور از حقیقت ہے۔ اگر یہی روا ہو تو خدا تعالیٰ نے ہر ایک زمانہ میں امتحان کی کیوں بنیاد ڈالی؟ وہ ہر ایک زمانہ میں چاہتا رہا ہے کہ خبیث اور طیب میں فرق کر کے دکھلاوے اس لئے اب بھی اس نے ایسا ہی کیا۔

خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بعض خفیف خفیف امتحان بھی رکھے ہوئے تھے جیسا کہ یہ بھی دستور تھا کہ کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی قسم کا مشورہ نہ لے جب تک پہلے نذرانہ داخل نہ کرے۔ پس اس میں بھی منافقوں کے لئے ابتلاء تھا۔ ہم خود محسوس کرتے ہیں کہ اس وقت کے امتحان سے بھی اعلیٰ درجہ کے مخلص جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کیا ہے دوسرے لوگوں سے ممتاز ہو جائیں گے۔ اور ثابت ہو جائے گا کہ بیعت کا اقرار انہوں نے پورا کر کے دکھلا دیا اور اپنا صدق ظاہر کر دیا۔ بے شک یہ انتظام منافقوں پر بہت گراں گزرے گا اور اس سے ان کی پردہ دری ہوگی۔ اور بعد موت وہ مرد ہوں یا عورت اس قبرستان میں ہرگز دفن نہیں ہو سکیں گے۔ **فی قلوبھم مرض** (۔) لیکن اس کام میں سبقت دکھلانے والے راستبازوں میں شمار کئے جائیں گے۔ اور ابد تک خدا تعالیٰ کی ان پر رحمتیں ہوں گی۔

بالآخر یہ بھی یاد رہے کہ بلاؤں کے دن نزدیک ہیں اور ایک سخت زلزلہ جو زمین کو تہ و بالا کر دے گا قریب ہے۔ پس وہ جو معائنہ عذاب سے پہلے اپنا تارک الدنیا ہونا ثابت کر دیں گے اور نیز یہ بھی ثابت کر دیں گے کہ کس طرح انہوں نے میرے حکم کی تعمیل کی خدا کے نزدیک حقیقی مومن وہی ہیں اور اس کے دفتر میں سابقین اولین لکھے جائیں گے۔ اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ زمانہ قریب ہے کہ ایک منافق جس نے دنیا سے محبت کر کے اس حکم کو ٹال دیا ہے وہ عذاب کے وقت آہ مار کر کہے گا کہ کاش میں تمام جائیداد کیا منقولہ اور کیا غیر منقولہ خدا کی راہ میں دیتا اور اس عذاب سے بچ جاتا۔ یاد رکھو! کہ اس عذاب کے معائنہ کے بعد ایمان بے سود ہوگا اور صدقہ خیرات محض عبث۔ دیکھو! میں بہت قریب عذاب کی تمہیں خبر دیتا ہوں۔ اپنے لئے وہ زاد جلد تر جمع کرو کہ کام آوے۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ تم سے کوئی مال لوں اور اپنے قبضہ میں کر لوں۔ بلکہ تم اشاعت دین کے لئے ایک انجمن کے حوالے اپنا مال کرو گے اور بہشتی زندگی پاؤ گے۔ بہتیرے ایسے ہیں کہ وہ دنیا سے محبت کر کے میرے حکم کو ٹال دیں گے مگر بہت جلد دنیا سے جدا کئے جائیں گے۔ (الوصیت۔ روحانی خزائن جلد20 ص 327)

مقابلہ حسن کارکردگی بین الاضلاع

(مجلس انصاراللہ پاکستان 2005ء)

سال 1384/2005ہش میں ناظمین اضلاع مجالس انصاراللہ پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ حسن کارکردگی کے لحاظ سے مجلس عاملہ کی رائے میں مندرجہ ذیل ناظمین اضلاع اسناد خوشنودی کے حقدار قرار پائے ہیں۔

1۔ نظامت ضلع سانگھڑ۔ اول
ناظم ضلع مکرم رانا سلیم احمد صاحب

2۔ نظامت ضلع حافظ آباد۔ دوم
ناظم ضلع مکرم چوہدری ناصر احمد جاوید صاحب

3۔ نظارت ضلع میرپور خاص۔ سوم
ناظم ضلع مکرم ناصر احمد واہلہ صاحب

اللہ تعالیٰ ناظمین کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور انہیں زیادہ سے زیادہ مقبول خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(صدر مجلس انصاراللہ پاکستان)

ٹائیفائیڈ بخار سے بچاؤ کے ٹیکوں کا کیمپ

ہسپتال میں مورخہ 18-19 مارچ کو ٹائیفائیڈ کے حفاظتی ٹیکوں کا کیمپ لگایا جا رہا ہے۔

☆ ٹائیفائیڈ بخار ایک جان لیوا بیماری ہے۔

☆ دنیا میں ہر سال تقریباً 6 لاکھ افراد اس بیماری سے موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں۔

☆ یہ کھانے اور پینے کی غیر معیاری اور گندی اشیاء سے پھیلتا ہے۔

☆ سکول جانے والے بچے اس بخار کا زیادہ شکار ہوتے ہیں۔

☆ ٹائیفائیڈ بخار سے بچاؤ کا ایک ٹیکہ تین سال تک بخار سے محفوظ رکھتا ہے۔

آپ خود اور اپنے بچوں کو اس موذی بیماری سے بچانے کیلئے حفاظتی ٹیکے لگوائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

درد کا درمان

ہر دور کے مہکانے کا سامان کیا ہے
ہم نے ہی زمانے پہ یہ احسان کیا ہے

ہر گام پہ گائے ہیں محبت کے ترانے
چاہت کے نئے دور کا اعلان کیا ہے

سینچا ہے ہر اک برگ و شجر اپنے لہو سے
یوں شہر تمنا کو گلستان کیا ہے

ہے کون یہ نفرت کی صلیبوں کو سجائے
یہ کس نے بپا حشر کا میدان کیا ہے

ہم وہ ہیں جو تسخیر قضا ہو نہیں سکتے
ہر بار سرِ دار یہ اعلان کیا ہے

وہ موج بلا خیز میں ہے اپنا سہارا
اس نے ہی مرے درد کا درمان کیا ہے

عبدالصمد قریشی

نصاب مرکزی امتحانات 2006ء

مجلس انصار اللہ پاکستان

نصاب سہ ماہی اول (جنوری تا مارچ 2006ء)

1۔ترجمہ قرآن کریم پارہ نمبر 3 نصف اول
2۔کتاب ''فتح اسلام'' از حضرت مسیح موعود
3۔کتاب ''احمدیت یعنی حقیقی......'' از حضرت مصلح موعود نصف اول

نصاب سہ ماہی دوم (اپریل تا جون 2006ء)

1۔ترجمہ قرآن کریم پارہ نمبر 3 نصف آخر
2۔کتاب ''برکات الدعاء'' از حضرت مسیح موعود
3۔کتاب ''احمدیت یعنی حقیقی......'' از حضرت مصلح موعود نصف آخر

نصاب سہ ماہی سوم (جولائی تا ستمبر 2006ء)

1۔ترجمہ قرآن کریم پارہ نمبر 4 نصف اول
2۔کتاب ''کشتی نوح'' از حضرت مسیح موعود
3۔کتاب ''منہاج الطالبین'' از حضرت مصلح موعود

نصاب سہ ماہی چہارم (اکتوبر تا دسمبر 2006ء)

1۔ترجمہ قرآن کریم پارہ نمبر 4 نصف آخر
2۔کتاب ''تذکرۃ الشہادتین'' از حضرت مسیح موعود
3۔کتاب ''ذکر الٰہی'' از حضرت مصلح موعود

(قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نمایاں کامیابی

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر دعوت الی اللہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم محمد احمد صاحب ابن مکرم شیخ مغیث احمد صاحب لاہور کینٹ نے اولیول کے فائنل امتحان 2005ء میں یونیورسٹی کالج لاہور سے اسلامیات کے مضمون میں لاہور ریجن میں امتیازی پوزیشن (Distinction) حاصل کی ہے اس سلسلہ میں 22 فروری بروز بدھ پرل کانٹینینٹل لاہور میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں کونسل جنرل برٹش کونسلیٹ نے عزیز کو انعامی شیلڈ سے نوازا۔ اسی طرح موصوف نے اس سال اپنے کالج میں ہر مضمون میں بہترین طالب علم اور بہترین کھلاڑی کے اعزازت بھی حاصل کئے ہیں۔ مکرم محمد احمد صاحب مکرم شیخ اسحٰق احمد صاحب مرحوم کراچی کے پوتے اور مکرم اخوند فیاض احمد صاحب لاہور کے نواسے ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزازت آئندہ مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

تقریب شادی

مکرم غلام مصطفیٰ تبسم صاحب کارکن روزنامہ الفضل ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری بھتیجی مکرمہ امۃ النصیر بینا صاحبہ بنت مکرم حکیم عبدالحمید صاحب کشمیری کی تقریب رخصتانہ مورخہ 5 مارچ 2006ء کو احاطہ جدید پریس دارالنصر غربی ربوہ میں سرانجام پائی۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ کی موجودگی میں محترم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی ربوہ نے نکاح کا اعلان مکرم محمد اکرم صاحب مربی سلسلہ تخت ہزارہ ضلع سرگودھا ابن مکرم محمد حسین شاہد صاحب مربی سلسلہ اصلاح وارشاد کے ساتھ مبلغ پچاس ہزار روپے حق مہر پر کیا۔ دعا محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی ربوہ نے کروائی۔ اگلے روز مورخہ 6 مارچ 2006ء کو احاطہ انصار اللہ کے لان میں ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا دعا محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے کروائی۔ دلہن محترمہ فاطمہ نجم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری نجم الدین صاحب شہید آف آزاد کشمیر کی پوتی ہے۔ دلہا مکرم فیروزالدین صاحب مرحوم آف چرناڑی آزاد کشمیر کا پوتا ہے احباب سے دونوں خاندانوں کیلئے اس رشتہ کے مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

ملازمت کے مواقع

پاکستان پوسٹ آفس ڈیپارٹمنٹ میں سٹینوگرافر، سٹینو ٹائپسٹ، اے ایس پی اوز، پوسٹل کلرک، سارٹر، پک اپ کوریئر، یو ایم ایس ایجنٹ، پوسٹ مین، ڈرائیور، سکیورٹی گارڈ، اٹینڈنٹ اور ڈاک قاصد کی آسامیاں خالی ہیں۔ درخواستیں سادہ کاغذ پر بنام پرنسپل پوسٹل ریکروٹمنٹ اینڈ ٹریننگ سنٹر لاہور بذریعہ رجسٹری مورخہ 25 مارچ 2006ء تک پہنچ جانی چاہئیں مزید تفصیل کیلئے اخبار ''پاکستان'' مورخہ 5 مارچ 2006ء ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت وتجارت)

تقریب نکاح وشادی

مکرم منصور احمد صاحب ضلع حیدر آباد تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم عامر احمد صاحب کا نکاح محترمہ نادیہ احمد چوہدری صاحبہ بنت محترم ادریس احمد چوہدری صاحب ساکن امریکہ کے ساتھ ایک لاکھ روپیہ حق مہر پر محترم سید طاہر محمود ماجد صاحب نائب ناظر مال آمد نے مورخہ 10 دسمبر 2005ء کو بیت المبارک ربوہ میں بعد نماز عصر پڑھایا۔ تقریب رخصتانہ مورخہ 29 جنوری کو کراچی میں ہوئی اور 30 جنوری کو حیدر آباد میں ولیمہ کی تقریب ہوئی۔ محترمہ نادیہ احمد صاحبہ محترم ڈاکٹر عبدالاحد صاحب کی پوتی اور محترم منیر احمد صاحب فرخ امیر جماعت احمدیہ اسلام آباد کی بھتیجی ہیں مکرم عامر احمد صاحب محترم چوہدری شریف احمد صاحب کاہلوں کے پوتے ہیں دعا کی عاجزانہ درخواست ہے اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بہت بابرکت فرمائے۔

درخواست دعا

مکرم خالد احمد بھٹی صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو مورخہ 7 فروری 2006ء کو چھت سے گرنے کی وجہ سے بائیں پاؤں اور بائیں ہاتھ میں فریکچر ہوا ہے جس کی وجہ سے ہاتھ اور پاؤں حرکت نہیں کر رہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ خاکسار کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم توقیر احمد طاہر صاحب کارکن وکالت مال ثانی تحریک جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی ممانی مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ زوجہ مکرم شیخ عبدالستار صاحب فیصل آباد کریم نگر بوجہ فالج شدید علیل اور بے ہوشی کی حالت میں ہیں۔ حالت تشویشناک بتاتے ہیں جملہ احباب سے صحت یابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

محمد زکریا ورک صاحب

سسلی میں مسلمانوں کا عروج

اور یورپ کی نشاۃ ثانیہ میں سسلی کا کردار

(قسط اول)

تعارف

سسلی بحیرہ روم کا سب سے بڑا جزیرہ ہے۔ اس کے علاوہ قابل ذکر جزائر قبرص، سارڈینیا، کورسیکا، مالٹا اور کریٹ ہیں۔ سسلی کو ہوا میں سے دیکھا جائے تو یہ مثلث کی صورت میں دکھائی دیتا ہے۔ مشرق سے مغرب تک اس کی لمبائی صرف 175 میل ہے۔ تیونس سے یہ بحری راستے سے صرف نوے میل اور اٹلی سے یہ صرف دو میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس کے دارالحکومت کا نام پالیرمو ہے۔ جس کی آبادی ایک ملین کے قریب ہے جبکہ پورے جزیرہ کی آبادی چار ملین سے زیادہ ہے۔ سسلی کے لوگ یونانی، فرنچ، سپینش، اطالوی اور عرب نسل کے ہیں۔ مشہور زمانہ یونانی سائنسدان ارشمیدس یہاں کے شہر سیرا کیوس کا رہنے والا تھا۔ یہاں کا مشہور آتش فشاں پہاڑ جبل النار (Mt. Etna) ہے جو اکثر لاوا اگلتا رہتا ہے۔

یہ جزیرہ اگرچہ چھوٹا سا ہے مگر تاریخی طور پر اس کی اہمیت مسلمہ ہے۔ اس کے محل وقوع کے پیش نظر یہ مشرق اور مغرب، اسلامی اور یورپین تہذیبوں کے درمیان میٹنگ پوائنٹ رہا ہے۔ یورپ اور افریقہ کے درمیان یہ Link کے طور پر اہمیت رکھتا ہے۔ پالیرمو شہر کے اندرونی حصہ میں ایک چرچ سان پاؤلینو (San Paulino) ابھی بھی موجود ہے جو کسی زمانے میں مسجد ہوا کرتا تھا۔ شہر میں ایک کیتھڈرل بھی ہے جس کے اندر داخل ہونے والے گیٹ کے ستونوں پر قرآنی آیات لکھی ہوئی نظر آتی ہیں، یہاں جامع مسجد ہوا کرتی تھی جہاں مسلمان پانچ وقت اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان دیا کرتے تھے۔ شہر میں اس وقت جہاں جہاں گرجا گھر ہیں وہاں مساجد ہوا کرتی تھیں۔

کچھ سال قبل آرچ ڈیوسیس آف پالیرمو (Archdiocese of Palermo) نے شہر میں مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر ایک چرچ ان کو واپس دے دیا تھا تا وہ اسے مسجد کے طور استعمال کرسکیں۔ شہر کے اندر ایک قلعہ جو بارہویں صدی میں تعمیر ہوا تھا اس کا نام La Zisa (العزیز) ہے۔ یہاں ایک میوزیم بھی ہے جس میں اسلامی نوادرات، کتابیں دیکھی جاسکتی ہیں۔

مسلمانوں کی آمد

سب سے پہلے شام کے گورنر حضرت معاویہؓ کے دور حکومت میں مسلمان مجاہدین نے یہاں 652ء میں بحری حملہ کیا تھا۔ موسیٰ ابن نصیر کے دور میں بھی مسلمانوں نے یہاں حملہ کیا۔ خلیفہ ہارون الرشید کا سفیر فرانس کے بادشاہ شارلیمان کو جب ملنے کے لئے جا رہا تھا تو وہ یہاں 801ء میں آیا تھا۔

مسلمانوں نے سسلی پر 264 سال یعنی 827ء تا 1091ء تک حکومت کی۔ اس کے بعد نارمن (1189ء-1093ء) یہاں حکومت کرنے لگے مگر ان کے عہد میں بھی اگلے ایک سو سال تک اسلامی علوم وفنون، ثقافت نے بہت ترقی کی۔ 827ء میں جو فل سکیل اسلامی حملہ سسلی پر ہوا وہ تیونس کی بندرگاہ سوس (Sousse) سے شروع ہوا جس میں ایک سو جہاز اور کشتیاں شامل تھیں۔ اس میں دس ہزار فوجی تھے۔ اسلامی فوج کا کمانڈر اسدالفرات ابن سنان تھا جو قرآن پاک کا زبردست مفسر تو تھا مگر ملٹری معاملات میں اسے کوئی خاص تجربہ حاصل نہ تھا۔ فوج میں عرب فوجیوں کے علاوہ بربر فوجی، ایرانی فوجی اور اندلسی فوجی بھی شامل تھے۔ اسلامی فوج مزارا (Mazara del Vallo) کے مقام پر اتری۔ دونوں فوجوں میں جھڑپیں ہوئیں مگر اس جزیرہ کو مکمل طور پر زیر کرنے میں مسلمانوں کو 75 سال لگ گئے۔ اسلامی سپین کی فتح میں یہودیوں نے مسلمانوں کا ساتھ دیا تھا۔ یوں صرف تین سال میں پورا سپین زیرنگیں ہوگیا، مگر سسلی میں ایسا نہ ہوا کیونکہ یہاں مقابلہ بازنطینی سلطنت سے تھا، اس لئے ہر لڑائی بڑی خون ریز ہوتی تھی۔ پالیرمو (Palermo) کا نام المدینہ سے تبدیل کردیا گیا، اس شہر کو مسلمانوں نے 831ء میں تسخیر کرکے اسے دارالخلافہ قرار دے دیا اپنی فتح کا جشن منانے کے لئے مسلمانوں نے شہر میں تین سو مساجد تعمیر کردیں۔ جلد ہی حمام، ہسپتال، مارکیٹس، محل، قلعے بھی تعمیر کردیئے گئے۔ جزیرے کی آبادی دوگنا ہوگئی۔ عربوں نے نظام آبپاشی اور کھانے کا سلیقہ بدل کے رکھ دیا کیونکہ ان کی سائنسی مہارت اور انجینئرنگ کمال کی تھی۔ سیرا کیوس (Syracuse) پر قبضہ انہوں نے 870ء میں حاصل کیا۔ مالٹا کا جزیرہ ایک مہینہ کے محاصرہ کے بعد 870ء میں ان کے زیر تسلط آ گیا۔ 846ء میں مجاہدین نے کیتھولک عیسائیت کے مرکز روم پر حملہ کرکے سینٹ پیٹر اور سینٹ پال کے چرچوں پر اسلامی جھنڈا لہرادیا اور پوپ لیو ششم (Pope Leo VI) نے مسلمانوں کو پچیس ہزار چاندی کے سکوں کا سالانہ تاوان دینے کا وعدہ کیا جس پر مسلمان وہاں سے واپس چلے گئے۔

حکمران خاندان

جزیرہ پر نارتھ افریقہ کے تین مسلمان خاندان سلاطین اغلبی (903ء)، فاطمی (909ء) اور کلبی (948ء) کی حکومت رہی۔ اگرچہ جزیرہ کو عربوں نے فتح کیا تھا مگر یہاں بسنے والے افراد زیادہ تر بربر مسلمان تھے۔ حسین الکلبی (وفات 965ء) کو فاطمی خلیفہ المنصور نے یہاں کا گورنر مقرر کیا تھا۔ کلبی خاندان کی حکومت کے 1052ء میں خاتمہ کے بعد ملک سیاسی بحران کا شکار ہوگیا۔ یہاں کے گورنر یوسف ابن عبداللہ (998ء-989ء) کے دور حکومت میں سسلی نے بہت ثقافتی اور علمی ترقی کی۔ مسلمانوں نے یہاں کی تہذیب، ثقافت، آرٹس میں قابل قدر اضافے کئے۔ یہ مضمون اس عروج کی مختصر مگر دل کو گرما دینے والی شیریں داستان ہے۔

مسجدوں کا شہر

ابن حوقل جو بغداد کا مشہور جیوگرافر تھا وہ سسلی آیا اور اس نے پالیرمو کو اپنے سفرنامے میں تین سو مسجدوں والا شہر قرار دیا تھا۔ اس نے شہر کے اردگرد باغات ہی باغات دیکھے تھے۔ قرطبہ کے بعد یہاں پر سب سے زیادہ مساجد تھیں۔ بغداد اور قرطبہ کے بعد عالم اسلام میں پالیرمو تیسرا اہم بین الاقوامی شہر تھا۔ پالیرمو کی آبادی اس وقت ایک لاکھ کے قریب تھی۔ زراعت کے لئے مسلمان اپنے ساتھ ہائیڈرالک ٹیکنیکس لے کر آئے۔ کھیتی باڑی کے لئے مسلمانوں نے نہریں اور دریا بنائے اور ان کی دیکھ بھال کی، پانی کا یہ نظام ابھی بھی پالیرمو میں زیر استعمال ہے۔ اس نظام زراعت سے پورا جزیرہ جنت نظیر بن گیا اور ہر طرف نئے پھل جیسے مالٹے، لیموں، گنے، کپاس، شہتوت، کھجوریں، بینگن، زیتون، تربوز نظر آنے لگے جو لوگوں نے پہلے یہاں کبھی دیکھے ہی نہ تھے۔ مسلمانوں نے ہی یہاں چاول اگائے۔ گندم کی نئی قسمیں لگائی گئیں۔ یہاں سے معدنی نمک، لیموں اور مالٹے، اعلیٰ کوالٹی کے سپین بھیجے جاتے تھے۔ گنے کو لگانے کے جو طریقے یہاں استعمال میں لائے گئے وہی بعد میں یورپ میں استعمال کئے گئے۔ ایمونیم اور ریشم یہاں سے اکثر برآمد کیا جاتا تھا۔ ریشم پر بیل بوٹے نکالنے اور نقش و نگار کرنے کی فیکٹریاں تھیں ایسا ریشم اسلامی سپین اور یورپ کو فروخت کیا جاتا تھا۔ پالیرمو کی آبادی 1050ء میں دولاکھ ہوگئی تھی۔

ہر شہر کے ڈاؤن ٹاؤن (مدینہ) میں سینٹرل مارکیٹ (سوق) ہوتی تھیں جہاں ہر وقت چہل پہل رہتی تھی۔ مارکیٹ میں ٹیکسٹائل، زیورات، گرم مصالحہ جات، درآمد شدہ مال اور منی چینجر کی دکانیں ہوتی تھیں۔ غیر ملکی تجارت کرنے والے تاجروں کے لیڈر کو رئیس التجار کہتے تھے۔

تین صنعتیں

مسلمانوں نے یہاں آکر تین انڈسٹریز کو بہت ترقی دی یعنی کاغذ بنانے کی انڈسٹری جہاز اور نقش ونگار والے ٹائلز (Mosaic Tiles) بنانے کی انڈسٹری۔ اسلامی سپین، مصر اور بحیرہ روم کے اردگرد کے اسلامی ممالک میں تجارت زوروں پر تھی۔ سسلی کے اہم محل وقوع کے پیش نظر اکثر بڑی طاقتیں یہاں حملے کرتیں۔ اس لئے مختلف شہروں کے دفاع کے لئے 23 قلعے تعمیر کئے گئے تھے۔ پالیرمو کے اردگرد اونچی فصیل اور خندق بنائی گئی تھی۔ ہر اقلیم (ڈسٹرکٹ) میں جامع مسجد ہوتی تھی۔ نارتھ افریقہ، مصر، اندلس کے مسلمان علماء اور فقیہ یہاں اکثر تبادلہ خیال یا عارضی رہائش کے لئے آتے تھے۔ اندلس میں جب اسلامی حکومت اپنے عروج پر تھی تو اس کا اثر سسلی پر بہت گہرا تھا۔ کئی نامور سسلین شاعر اندلس میں جا کر آباد ہوگئے جیسے ابن حمدیس (1132ء-1055ء) سسلی کا سب سے مشہور شاعر تھا۔ جس کی پیدائش سیرا کیوس میں ہوئی تھی وہ ہجرت کرکے اشبیلیہ میں آباد ہوگیا تھا۔ اس کا دیوان روم سے 1897ء میں شیاپ اریلی (Schiaparelli) نے شائع کیا تھا۔ مساجد علمی تبادلہ خیال کا مرکز ہوتی تھیں جہاں فقہ، حدیث، قراءت، گرائمر کی تعلیم دی جاتی تھی۔ جو مدرس یہاں ملازم ہوتے ان کے لئے جنگ پر جانا ضروری نہیں ہوتا تھا۔ شعراء کی ایک فہرست جو 1150ء میں تیار کی گئی تھی اس میں ایک سو عرب شاعروں کے نام گنوائے گئے تھے۔ سسلی میں سائنس، میڈیسن، فقہ پر چند بنیادی کتابیں سپرد قلم کی گئیں۔ مسلمانوں کے زیر حکومت یہاں تعلیم کی شرح 870ء میں بہت زیادہ تھی بمقابلہ 1870ء کے جب یہاں اطالین حکمراں تھے (یعنی سترہ فیصد)۔ بیسویں صدی کے شروع تک اسلامی اثر یہاں نمایاں نظر آتا تھا حالانکہ 1280ء کے بعد مسلمان خال خال ہی نظر آتے تھے۔

سسلی کی علمی وادبی دنیا

مسلمانوں کے یہاں وارد ہونے کے بعد جلد ہی لوگ عربی زبان بولنے لگے اور آج بھی مقامی زبان میں عربی زبان کے الفاظ پہچانے جاسکتے ہیں۔ ابن یونس (1051ء) سسلی کا مشہور فقیہ تھا جس نے المدونہ کی تفسیر لکھی تھی۔ عتیق علی السمانتاری نامور ماہر دین تھا جس نے اسلامی ممالک کے لمبے لمبے سفر کئے تھے۔ مزاری بھی ماہر علم دین تھا جس نے الجوینی کی کتاب پر تقریظ لکھی تھی۔ سعید بن سلام نے حجاز کا سفر کیا پھر وہ ایران گیا اور نیشا پور میں 983ء میں راہی ملک عدم ہوا۔ عتیق بن محمد سسلی کا نامور صوفی تھا جس کی وفات بغداد میں ہوئی۔ محمد بن خراسان بھی قرآن حکیم کا ممتاز سکالر تھا جس نے مصر میں تحصیل علم کی تھی۔ اسماعیل بن خلاف (وفات 1063ء) سسلی سے ہجرت کرکے اندلس چلا گیا جہاں اس نے مشہور کتاب عنوان فی القرآت سپرد قلم کی جس کے قلمی مسودات برلن کی ایک لائبریری، آیا صوفیہ، استنبول اور بانکی پور (ہندوستان) میں ابھی تک محفوظ ہیں۔ ابراہیم التمیمی حدیث کا سکالر تھا۔ جس نے عراق میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ اسد بن فرات (پیدائش 759ء) فقہ کا نامور سکالر تھا جو مدینہ منورہ میں حضرت امام بن مالکؒ سے تعلیم حاصل کرنے کے لئے وہاں آباد ہوگیا تھا۔

اس کی مشہور کتاب کا نام اسدیہ ہے۔

عبداللہ سسلی کا ممتاز ماہر نباتات تھا جس نے ڈیاسکورائیڈس (Dioscorides) نے نباتات پر رسالہ کا ترجمہ اندلس کے خلیفہ عبدالرحمٰن الثالث کے لئے کیا تھا۔ ابو عبداللہ القرانی سسلی کا شاعر، ماہر فلکیات اور ریاضی داں تھا۔ ابو سعید ابراہیم سسلی کا مشہور طبیب تھا جس نے فارما کالوجی پر کتاب لکھی جو ابھی تک محفوظ ہے۔ ابوبکر الصقلی بھی یہاں مشہور عالم مدرس تھا۔ احمد عبدالسلام نے شیخ الرئیس بوعلی سینا کی طب کی کتابوں پر کمنٹری لکھی تھی۔

لسانیات کے میدان میں سسلی کے بہت سارے عالم یہاں سے غیر ممالک میں چلے گئے جبکہ بعض ایک اسلامی ممالک سے یہاں آکر آباد ہو گئے۔ مثلاً قرطبہ کا شاعر اور گرائمرئین موسیٰ اصبغ سسلی ہجرت کر آیا اور الکتانی (1118۔1035) سفر کر کے عراق گیا، وہاں سے ہندوستان اور ایران میں راہی ملک عدم ہوا۔ سعید حسن عراق کا فرہنگ نویس تھا۔ جس کی وفات سسلی میں 995ء میں ہوئی۔ ابن راشق (1000-1070) بھی لغت نویس تھا جس کی پیدائش نارتھ افریقہ میں ہوئی مگر سسلی میں وفات پائی۔ شاعری میں اس کی کتاب کا عنوان کتاب العمدہ ہے جو قاہرہ سے 1955ء میں شائع ہوئی تھی۔

ابن البر بہت بڑا ماہر لسانیات تھا جس نے الیگزنڈریہ میں تعلیم حاصل کی تھی۔ سسلی واپس آکر وہ پالیرمو میں جاگزیں ہوا اور 1068ء میں وفات پائی۔ شہرہ آفاق لغت صحاح الجواہری وہی یہاں لے کر آیا تھا۔ ابن القطع نے ایک منتخب اشعار کی ایک کتاب درۃ الخاطرۃ تالیف کی جس میں سسلی کے متعدد شعراء کا کلام دیا گیا تھا۔ ابن الخیاط پالیرمو میں گورنر کے دربار میں شاعر تھا۔ ابوزید الغمری (بربر) نے ایک کتاب سسلی کی تاریخ پر لکھی ہے۔ یاد رہے کہ سسلی اندلس کی ریاست کا دسویں اور گیارہویں صدی میں ادبی صوبہ تھا۔ یہاں جو عربی بولی جاتی تھی وہ نارتھ افریقہ سے ملتی جلتی تھی۔

علی داؤد سمن تاری (1072ء) نے ایک نہایت عمدہ کتاب المدونہ الکبریٰ کے نام سے لکھی جس پر ابن یونس اور ابن الحکر جیسے عالموں نے تفاسیر لکھیں۔ ابوالفراج الکتانی (1118-1036ء) ایک مسلمہ ماہر صرف ونحو اور فرہنگ نویس تھا۔ محمد بن ابی الفراج (1122ء) مزارا کے شہر کا مکین تھا اور ممتاز قاری قرآن اور ماہر صرف ونحو تھا۔ اس نے قراءت کی موضوع پر کتاب الاستیلہ لکھی۔ عثمان الحجاز (1149ء) بہت بڑا فقیہ تھا جو ہجرت کر کے اسکندریہ چلا گیا۔ اس نے مالکی فقہ پر متعدد کتابیں سپرد قلم کیں۔ محمد علی التمیمی (1142ء) مالکی فقہ اور علم دین کا سکالر تھا۔ اس نے کتاب المعلم لکھنے کے علاوہ صحیح مسلم کی تفسیر لکھی۔ نارتھ افریقہ کی المؤحد تحریک (1269-1146ء) کا بانی ابن تومارت اس کا شاگرد عزیز تھا۔

ابو محمد عبدالجبار ابن حمدیس (1133ء-1055ء) اسلامی سسلی کا ذی شان اور عالی وقار شاعر تھا۔ اس نے سسلی کی تاریخ پر کتاب تاریخ الجزیزہ الخضرہ زیب قرطاس کی۔ وہ اندلس 1078ء میں گیا اور اشبلیہ کے خلیفہ المعتمد کے درباریوں میں شامل ہو گیا۔ اس نے یوسف بن تاشفین کی الفانسو ششم کے خلاف جنگ میں فتح پر ایک لمبا قصیدہ رقم کیا۔ وہ اپنی شاعری میں ایسے الفاظ استعمال کرتا تھا جس سے تصویر ابھر کر قاری کے سامنے آجاتی تھی۔ اس کے دیوان کو سکیاپاریلی (Schiaparelli) نے ایڈٹ کیا جو 1897ء میں روم سے شائع ہوا اور دوسری بار بیروت سے 1960ء میں العرب فی الصقلیہ کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔

ابن بشرون الصقلی نارتھ افریقہ سے سسلی آیا تھا۔ اس نے ایک دلچسپ کتاب المختار فی نظم ونثر کے نام سے تالیف کی جو غزلوں اور اشعار کا مجموعہ تھی۔ اس نے کیمسٹری پر کتاب سر الکیمیا لکھی۔ ابن الظفر الصقلی (1165ء) اس کا لقب حجۃ الدین اور برہان الاسلام تھا۔ اس کی اہم تصنیف کا نام سلوان الموطا ہے جس کا ترجمہ انگلش، اطالین اور ترکش میں ہو چکا ہے۔ اس نے قرآن پاک کی تفسیر لکھی جس کا نام تفسیر کبیر تھا۔ اس نے گرائمر، علم اللسان اور دیگر موضوعات پر 32 کتابیں لکھیں۔

ابوطاہر اسماعیل الصقلی (1170ء) نے دو کتابیں العنوان فی القرآن اور کتاب الاکتفیٰ فی القرآن لکھیں۔ وہ گرائمر کا بھی ماہر اور قرآن حکیم کا زبردست قاری تھا۔ اس کی وفات شام میں ہوئی۔ ابوالقاسم علی ابن جعفر جو ابن القطع (1121ء-1041ء) کے نام سے بھی پہچانا جاتا تھا، پرتگال سے ہجرت کر کے مع اہل وعیال سپین آیا تھا۔ اس نے ابن البر سے گرائمر اور لسانیات (فلالوجی) کی تعلیم حاصل کی۔ یہاں سے وہ مصر ہجرت کر گیا جہاں وہ صرف ونحو (گرائمر) کی تعلیم دیا کرتا تھا۔ اس نے سسلی کی تاریخ پر تاریخ الصقلیہ لکھی جو صفحہ ہستی سے ناپید ہو چکی ہے۔ اس نے سسلی کے 170 شعراء کے کلام کا مجموعہ قلم بند کیا۔ اس کی دو دوسری کتابوں کے نام کتاب السیف اور کتاب العروض ہیں۔

جیکب ابا ماری (Jacob Aba Mari) اہل یہود سے تھا جس نے ابن رشد کی شروح کو عبرانی میں 1232ء میں منتقل کیا نیز مشہور ہیئت دان الفرعانی کی فلکیات پر کتاب کا بھی ترجمہ کیا۔ یہودہ کوہن (Yahuda cohen) اندلس سے ہجرت کر کے اٹلی 1247ء میں آیا۔ اس نے عربی میں ایک مبسوط انسائیکلوپیڈیا ترتیب دیا اور پھر اسی کو عبرانی میں بھی ڈھالا۔ چار اطالین ایسے بھی تھے جنہوں نے عربی کتابوں کے تراجم کئے یعنی پلیٹو آف ٹوویلی (Plato of Tivoli) نے البتانی اور الفرغانی کی علم فلکیات پر کتابوں کے تراجم کئے۔ سٹیفن آف پیسا (Stephen of Pisa) نے علی بن عباس المجوسی کی طب پر کتابوں کے تراجم کئے۔ بانا کوسا (Banacosa) اطالین یہودی تھا جس نے ابن رشد القرطبی کی طب پر کتاب الکلیات فی الطب کا ترجمہ 1255ء میں کیا۔ پاراویشس (Paravcious) نے وینس کے شہر میں ابن زہر اندلسی کی کتاب التیسیر کا ترجمہ 1290ء میں لاطینی میں کیا۔

فراج بن سالم سسلی کے شہر جرجینٹی (girgenti) کا رہنے والا تھا جس نے 1279ء میں محمد ابن زکریا الرازی کے طب پر انسائیکلوپیڈیا کتاب الحوی کا عبرانی میں ترجمہ کیا۔ یہ ترجمہ سسلی کے بادشاہ چارلس آف انجو (Charles of Anjou 1220-85) کی سرپرستی میں کیا گیا۔ اٹلی کے عالم فیراری ڈا گریڈو (Ferrari da Grado) جو اسلامی علوم سے گہری واقفیت رکھتا تھا اس نے کتاب الحوی کے بعض حصوں کی شرح لکھی۔ الرازی کی کتاب یورپ میں طب پر شائع ہونے والی پہلی کتاب تھی۔

دینی کلچر کا اثر

سسلی پر مسلمانوں کا قبضہ قریب تین سو سال تک رہا۔ اس طویل عرصہ میں سسلی عرب، یورپین اور لاطینی کلچرز کا میٹنگ پوائنٹ رہا۔ جب نارمن یہاں قابض ہوئے تو بہت ساری مساجد اور اسلامی عمارتوں کو خانہ جنگی کے دوران منہدم کر دیا گیا۔ اسلامی قوانین کا دور دورہ یہاں زیادہ دیر تک نہ رہا۔ کیونکہ تمام شہریوں کو اپنے اپنے مذہبی قوانین کے مطابق زندگی گزارنے کی اجازت تھی۔ بارہویں صدی میں جب نارمن حکومت کر رہے تھے تو بھی سرکاری زبان عربی ہی رہی۔ کپاس کی کاشت بہت کم ہوگئی کیونکہ بہت سارے مسلمان کاشت کار سسلی سے دوسرے ممالک میں چلے گئے۔ ریشم کی انڈسٹری ترقی کرتی رہی، وی آنا کے میوزیم میں ایک ریشم کا چوغہ موجود ہے جس کے اوپر عربی میں کندہ ہے کہ یہ 1133ء میں پالیرمو کی رائل فیکٹری میں بنایا گیا تھا۔ اینگلو نارمن رائل فیملی کے افراد جو لباس پہنتے تھے ان پر عربی میں الفاظ اور نقش ونگار مسلمان ورکرز کرتے تھے۔

سسلی اور اٹلی کے بہت سارے شہروں کے نام عربی سے ہیں جیسے پالیرمو (بال آرم)، مرسالہ (مارہ علی)، کالصہ (الخاصہ)، باپیچی (القریب) دیتانو (وادالطین)۔ سسلی میں 1000ء میں اٹھارہ بڑے شہر اور نو سو گاؤں تھے۔ پالیرمو کی آبادی ڈھائی لاکھ کے قریب تھی۔ عمارتوں پر ابھی بھی عربی میں کندہ الفاظ نظر آتے ہیں۔ جزیرہ پر پانچ صد کے قریب مساجد تھیں۔ سب سے بڑی مسجد میں سات ہزار نمازی صلوٰۃ ادا کر سکتے تھے۔ امراء کے محلوں میں ان کی اپنی مساجد ہوتی تھیں۔

نارمن سسلی پر دینی اثر

جیسا کہ ذکر کیا گیا بارہویں صدی میں نارمن یہاں حکومت کرنے لگے۔ بادشاہ راجر اول نے پالیرمو کے شہر کو 1072ء میں فتح کیا تھا مگر وہ جزیرہ کا مطلق العنان حکمران 1091ء میں بنا۔ اس کا دور حکومت رواداری کا تھا، اس کی وفات 1101ء میں ہوئی۔ بادشاہ راجر دوم نے اگلے 53 سال (1153ء-1101ء) تک حکومت کی۔ اس کے بعد ولیم اول بارہ سال (1166ء-1154ء) حکمراں رہا۔ ولیم دوم تیرہ سال (89-1166ء) حکمراں رہا۔ اس کے بعد فریڈرک دوم 54 سال (1250ء-1194ء) تک بادشاہ رہا۔

راجر اول کا شاہی دربار گویا سائنس کا مرکز تھا کیونکہ اسے اسٹرانومی اور اسٹرالوجی میں بہت دلچسپی تھی۔ ایک عرب انجینئر نے اسے ایک ٹائم پیس (Clepsydra) بنا کر دی جس میں ایک گھنٹہ مکمل ہونے پر گیند ایک پیتل کے برتن میں خود بخود گرتے تھے۔ اس نے میڈیسن کی تعلیم باضابطہ طور پر شروع کی اور ہر فزیشن کے لئے لازمی قرار دیا کہ وہ ایک رائیل آفیشل کی موجودگی میں اس فیلڈ میں ایکسپرٹ کے سامنے امتحان دے۔ یاد رہے کہ پالیرمو کے شہر میں 1160ء میں سب سے پہلی بار بطلیموس کی فلکیات پر شہرہ آفاق کتاب مجسطی کا ترجمہ لاطینی میں امیر یوجین (Amir Eugene) نے کیا تھا۔

مشہور جغرافیہ دان ابو عبداللہ الادریسی (1166ء-1100ء) جب اپنے رشتہ داروں سے ملنے آیا تو بادشاہ نے اس کو اپنے سائنٹیفک سٹاف کا رکن بنا لیا۔ اس نے جغرافیہ میں اپنے شاہکار کتاب الرجار (Book of Rogers) کی تالیف میں پندرہ سال صرف کئے تھے۔ اس کتاب کا دوسرا نام نزھۃ المشتاق فی اختر الآفاق ہے۔ یورپ میں یہ 1592ء میں منظر عام پر آئی تھی اور پہلا لاطینی ترجمہ 1619ء میں روم سے شائع ہوا تھا۔ کچھ سال قبل اس کا نیا ایڈیشن اٹلی سے سات جلدوں میں شائع ہوا تھا۔ اس نے چاندی کا ایک گلوب اور دنیا کا گول نقشہ قرص کی صورت میں بادشاہ کی خواہش پر تیار کیا جس میں یورپ، ایشیا، افریقہ اور بحیرہ روم صاف نظر آتے ہیں۔ الادریسی نے ایک اٹلس بھی تیار کی جس میں 73 نقشے دیئے گئے تھے۔ اس کی دوسری قابل قدر تصنیف کا نام روضۃ الناس و نزھۃ النفس ہے۔ درحقیقت یہ دونوں کتابیں سسلی میں عربی زبان میں تخلیق ہونے والے لٹریچر کی اعلیٰ مثال تھیں۔

ہر احمدی وقف عارضی کرے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

’’مربیوں کو بھی چاہئے اور عام عہدیداران کو بھی چاہئے بلکہ ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک قربانی کی راہ ہے اور یہ راہ تنگ ہے لیکن اس میں شک نہیں کہ قربانی کی راہوں پر چلے بغیر ہم اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل نہیں کر سکتے‘‘۔ (الفضل 27 راگست 1969ء)

(مرسلہ: قائد تعلیم القرآن ووقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان)

نذیر احمد خادم صاحب

حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء کے قیمتی ارشادات کی روشنی میں

قرآن کریم کا ترجمہ اور مفہوم سمجھنے کی منزلیں

جب تک قرآن کریم سے ہر چھوٹے بڑے کو واقف نہیں کیا جاتا اس وقت تک کامیابی کی امید نہیں ہے

حضرت مسیح موعود کے ارشادات

☆تمہارے لئے ایک ضروری تعلیم یہ ہے کہ قرآن شریف کو مہجور کی طرح نہ چھوڑ دو کہ تمہاری اسی میں زندگی ہے۔ جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے۔

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 ص 13)

☆سوتم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو، ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو کیونکہ جیسا کہ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا الخیر کلہ فی القرآن کہ تمام قسم کی بھلائیاں قرآن ہی میں ہیں۔

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 ص 27)

☆اس لئے قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔

(الحکم 17 جنوری 1907ء)

☆ قرآن شریف کا ترجمہ بھی پڑھو............ قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا کا کلام سمجھ کر پڑھو۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 191)

☆ قرآن کو پڑھو، سمجھو اور سیکھو۔ جبکہ دنیا کے معمولی کاموں کے واسطے تم استاد پکڑتے ہو تو قرآن شریف کے واسطے استاد کی ضرورت کیوں نہیں؟

(ملفوظات جلد پنجم ص 245)

عربی سیکھیں کیونکہ عربی کی تعلیم کے بدوں قرآن کریم کا مزا نہیں آتا۔ پس ترجمہ پڑھنے کے لئے ضروری اور مناسب ہے کہ تھوڑا تھوڑا عربی زبان کو سیکھنے کی کوشش کریں۔ آجکل تو آسان آسان طریق عربی پڑھنے کے نکل آئے ہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا جبکہ ہر(۔) کا فرض ہے تو کیا اس کے معنے یہ ہیں کہ عربی زبان سیکھنے کی کوشش نہ کی جاوے اور ساری عمر انگریزی اور دوسری زبانوں کے حاصل کرنے میں کھو دی جاوے۔ (ملفوظات جلد اول ص 196)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا ارشاد

☆ایک مترجم قرآن شریف لے کر جس کا ترجمہ لفظی ہو انسان کی اس میں اپنی ملاوٹ کچھ نہ ہو............ ہر روز بقدر طاقت بلا ناغہ کچھ حصہ قرآن کا پڑھا کرے اور لفظوں کے معنوں میں غور کرے۔

(حقائق الفرقان جلد اول صفحہ 3)

حضرت خلیفہ اول نے جس قسم کے لفظی ترجمہ قرآن کا ارشاد فرمایا ہے ان خصوصیات کا حامل لفظی ترجمہ قرآن عرصہ دراز سے حضرت سید میر محمد اسحٰق صاحب کا جماعت کی طرف سے شائع شدہ دستیاب ہے۔ علمی طبقہ کے لئے تفسیر صغیر ہے پھر گزشتہ چند سالوں سے عصر حاضر کے تقاضوں کو پورا کرنے والا، اردو زبان کے رائج الوقت محاورہ کے عین مطابق، رواں، سلیس اور قرآن کریم کے متن کے بالکل مطابق سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ترجمہ قرآن موجود ہے حضور اپنے اس ترجمہ قرآن کے بارہ میں فرماتے ہیں:۔

”حتی المقدور یہ کوشش کی گئی ہے کہ قرآن کریم کا ایک ایسا ترجمہ تیار ہو جائے جو اپنے رنگ میں تفسیر کا بھی قائمقام ہو تا کہ غور کرنے والے اس میں سے مطالب نکال سکیں۔ اللہ کرے کہ یہ ترجمہ ایک بھاری اکثریت کے لئے قران کریم سمجھنے، سمجھانے اور اس کی محبت دلوں میں بٹھانے کا موجب بنے“۔

(زیر عنوان ”اظہار تشکر“ ترجمہ قرآن)

احباب کرام کو حضور کے اس فیضان اور علمی و روحانی ارمغان ترجمہ قرآن سے دلی محبت اور ذوق و شوق سے استفادہ کرنا چاہئے۔

حضرت مصلح موعود کے ارشادات

قرآن کریم کا ترجمہ سیکھنے کی ضرورت و اہمیت بیان کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

☆”ہر احمدی نوجوان کا یہ فرض ہے کہ وہ قرآن کریم کا ترجمہ جانتا ہو۔ اصل میں تو یہ ہر احمدی نوجوان کا فرض ہے کہ وہ عربی جانتا ہو لیکن کم سے کم اتنا تو اسے معلوم ہونا چاہئے کہ قرآن کریم میں کیا لکھا ہے اور خدا ہم سے کن باتوں کا مطالبہ کرتا ہے۔ عربی جاننے سے یہ سہولت حاصل ہو جاتی ہے کہ قرآن کریم کا ترجمہ اور اس کا مفہوم سمجھنے کی منزلیں جلد طے ہو جاتی ہیں لیکن اگر کوئی شخص زیادہ عربی نہ جانتا ہو تو اسے کم سے کم اتنی عربی تو ضرور آنی چاہئے کہ قرآن کریم کے ترجمہ کو وہ سمجھ سکے۔“

(مشعل راہ جلد اول ص 389)

☆”میں نے بارہا توجہ دلائی ہے کہ جب تک قرآن کریم سے ہر چھوٹے بڑے کو واقف نہیں کیا جاتا اس وقت تک ہمیں اپنی کامیابی کی کوئی امید نہیں رکھنی چاہئے اور اگر ہم رکھتے ہیں تو ہم ایک ایسا نقطہ نگاہ اپنے سامنے رکھتے ہیں جو عقلمندوں کا نہیں بلکہ مجنونوں اور پاگلوں کا ہوتا ہے۔ آج میں اس امر کی طرف جماعت کو پھر توجہ دلاتا ہوں اور نوجوانوں کو خصوصیت کے ساتھ یہ نصیحت کرتا ہوں کہ انہیں قرآن کریم کا ترجمہ سیکھنے کی جلد سے جلد کوشش کرنی چاہئے۔

(مشعل راہ جلد اول ص 390)

☆”میں یہ ہدایت دیتا ہوں کہ ہر سال مرکز کی طرف سے باہر سے آنے والے خدام کو قرآن کریم کا ترجمہ پڑھانے کا انتظام کیا جائے اور ہر جماعت کو مجبور کیا جائے کہ وہ اپنا ایک ایک نمائندہ یہاں تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیجے۔ یہاں ان کو قرآن کریم کا ترجمہ پڑھانے کا باقاعدہ انتظام کیا جائے گا اور اس کے بعد ان کو اس امر کا ذمہ وار قرار دیا جائے گا کہ وہ باہر اپنی اپنی جماعتوں میں قرآن کریم کا درس جاری کریں اور جن کو قرآن کریم کا ترجمہ نہیں آتا ان کو قرآن کریم کا ترجمہ پڑھائیں۔ یہاں تک کہ ہماری جماعت میں کوئی ایک فرد بھی ایسا نہ رہے، نہ بچہ، نہ جوان، نہ بوڑھا جسے قرآن کریم کا ترجمہ نہ آتا ہو پس آج میں یہ نئی ہدایت دیتا ہوں کہ ہر خدام الاحمدیہ کی جماعت میں سے ایک ایک نمائندہ قرآن کریم کے اس درس میں شامل ہونے کے لئے بلوایا جائے تا کہ وہ اور لوگوں کو اپنی جماعت میں تعلیم دے سکیں۔ میں ابھی یہ نہیں کہتا کہ جبراً ہر جماعت میں سے ایک ایک نمائندہ بلوایا جائے مگر میں یہ ضرور کہتا ہوں کہ مرکز کو اتنی کوشش ضرور کرنی چاہئے جو جبر کے قریب قریب ہو۔“

(مشعل راہ جلد اول ص 390)

عربی متن سے خدا کے پیغام اور کلام (قرآن کریم) کو سمجھنے کی اہلیت پیدا کرنے کے بارہ میں حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

قرآن کریم کے ترجمہ اور اس کے مفہوم کو سمجھنے کے لئے کسی قدر صرف ونحو کی ضرورت ہوا کرتی ہے ....جب تک تھوڑی بہت صرف ونحو نہ آتی ہو اس وقت تک دوسروں کو پڑھانا آسان نہیں بلکہ مشکل ہوتا ہے۔“ (مشعل راہ صفحہ 443)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشادات

☆19 مئی 1996ء کو لندن میں ناصرات اور ینگ لجنہ کو مخاطب کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:۔

”جو کچھ قرآن سے یاد کریں اس کی تلاوت کرتی رہا کریں اور جو کچھ یاد ہو اس کا ترجمہ بھی خوب اچھی طرح یاد کریں“۔

(الفضل انٹرنیشنل 14 جون 1996ء)

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع مزید فرماتے ہیں کہ:۔

”میں نے ترجمہ قرآن عربی گرائمر کے تمام پہلوؤں کو سامنے رکھ کر تیار کیا ہے............ میں نے بھی ترجمہ سیکھنے کے لئے دعائیں کی ہیں۔ میری تعلیم القرآن کلاس میری زندگی کا ماحصل ہے۔ پس ترجمہ قرآن سیکھنے کے لئے اس سے فائدہ اٹھائیں۔“

(ماہنامہ خالد ربوہ ماہ جون 2004ء ص 11)

اسی طرح انٹرنیشنل شوریٰ لندن 1991ء کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا کہ:۔

”اب میں ایک بالکل نیا منصوبہ متعارف کرواتا ہوں۔ ہم قرآن مجید کی تلاوت سکھانے کا آغاز آڈیو ویڈیو کی مدد سے کریں گے جو بہت مفید ہے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ ایک استاد کی بہرحال ضرورت ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا یہاں تک کہ ہمارا انتہائی مقصد حاصل ہو جائے کہ ہر احمدی مرد ہو یا عورت قرآن مجید صحت کے ساتھ سکھانے والا استاد بن جائے، نیز ہر احمدی اپنی صلاحیت کی حد تک ترجمہ کے واسطہ سے نہیں بلکہ عربی متن سے خدا کے پیغام کو سمجھنے لگ جائے۔

(خلاصہ خطاب، انٹرنیشنل شوریٰ لندن 1991ء)

احباب کرام اور عہدیداران جماعت کو چاہئے کہ درج ذیل دو مختصر عام فہم، آسان اور بہت مفید کتب منگوا کر ان سے استفادہ کریں تا کہ قرآن کریم کا ترجمہ سیکھنے اور اسے سمجھنے میں سہولت پیدا ہو جائے۔

1۔خلاصۃ النحو

(مرتبہ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب)

2۔خلاصۃ الصرف

(مرتبہ مولوی محمد حفیظ صاحب بقاپوری)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنے اور رب رحمان ومنان کے اس کامل، ابدی اور زندہ کلام کو سمجھنے کے لئے مفید کتب، سی ڈیز، آڈیو ویڈیو کیسٹس۔ ایم۔ ٹی۔ اے اور اپنی اپنی جماعت میں موجود قرآن کریم سکھلانے والے احباب وخواتین سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اے بے خبر بہ خدمتِ فرقاں کمر بہ بند
زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نماند

(حضرت مسیح موعود)

☆☆☆☆

رپورٹ: فہیم احمد نیاز صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ فرانس

14واں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ فرانس

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ فرانس کو اپنا چودھواں جلسہ سالانہ مرکزی مشن ہاؤس ''بیت السلام'' میں مورخہ 11، 12 اور 13/ نومبر 2005ء کو منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت مکرم مولانا فیروز عالم بھویان صاحب کو اس جلسہ کے لئے بطور نمائندہ مقرر فرمایا۔

جلسہ سالانہ سے دو ماہ قبل اس کی تیاریوں کے لئے میٹنگز شروع ہوئیں۔ ان میں افسر جلسہ سالانہ مکرم حفیظ احمد ملک صاحب، افسر جلسہ گاہ مکرم حافظ احسان سکندر صاحب مربی سلسلہ اور افسر خدمت خلق مکرم سعید حدوی صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مقرر ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان احباب نے اپنے نائبین مقرر کر کے جلسہ سالانہ کے کام کو 28 شعبوں میں تقسیم کیا تاکہ تمام کام بحسن وخوبی سرانجام پائیں۔

مورخہ 10/ نومبر کی شام مکرم مولانا فیروز عالم بھویان صاحب لندن سے تشریف لائے۔ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد انہوں نے جلسہ سالانہ کی انتظامیہ کے ساتھ ایک میٹنگ کی، کام کا جائزہ لیا اور انتہائی مفید ہدایات سے نوازا۔

جلسہ کا پروگرام

11/ نومبر بروز جمعۃ المبارک نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ اجتماعی طور پر سنا گیا۔ بعد ازاں تقریب پرچم کشائی ہوئی۔ مکرم مولانا فیروز عالم بھویان صاحب نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ مکرم اشفاق ربانی صاحب امیر جماعت احمدیہ فرانس نے فرانس کا قومی پرچم لہرایا۔ اس موقع پر بچوں نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ والی نظم کورس کی شکل میں پیش کی۔

جلسہ کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز مکرم محمد سلیم صاحب آف کمورو کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ مکرم منیر احمد ناگی صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا۔ مکرم امیر صاحب فرانس نے استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے جلسہ سالانہ کے بارہ میں ضروری ہدایات دیں۔

اس کے بعد مرکزی نمائندہ مکرم مولانا فیروز عالم صاحب بھویان نے خطاب فرمایا۔ اس میں آپ نے خاص طور پر عبادات کی طرف توجہ دلائی۔

آج کی آخری تقریر مکرم حافظ احسان سکندر صاحب مربی سلسلہ کی تھی جس میں جلسہ سالانہ کی اہمیت وافادیت پر انتہائی مفید انداز میں روشنی ڈالی۔ دعا کے ساتھ یہ اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

دوسرا دن

جلسہ سالانہ کے دوسرے دن کا آغاز جماعتی روایات کے مطابق نماز تہجد سے ہوا۔ بعد ازاں نماز فجر اور درس قرآن کریم ہوا۔

دوسرے روز کے پہلے اجلاس کی کارروائی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی جو عزیزم مرزا نبیل احمد صاحب نے کی۔ جبکہ مکرم محمود محمد حسین صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کے عربی قصیدہ سے چند اشعار سنائے۔

اس اجلاس کی پہلی تقریر مکرم اشتیاق احمد صاحب سیکرٹری وصایا کی تھی جنہوں نے بہت عمدگی سے نظام وصیت پر روشنی ڈالی۔

اس کے بعد مکرم موسیٰ سمارے صاحب نے کلام محمود سے چند اشعار پیش کئے۔ جبکہ مکرم عمر احمد صاحب نے نظام خلافت اور اس کی برکات کے موضوع پر نہایت احسن رنگ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ یہ اس سیشن کی آخری تقریر تھی۔

مستورات کا اجلاس

اس دوران مستورات کا علیحدہ اجلاس منعقد ہوا۔

اس اجلاس کی صدارت مکرمہ رقیہ احمد صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ فرانس نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد پہلی تقریر دینی روایات اور تربیت اولاد کے موضوع پر تھی۔ دوسری تقریر نظام خلافت اور دین حق کا مستقبل کے موضوع پر تھی۔ اس سیشن کا آخری خطاب مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ نے کیا۔ مکرم فیروز عالم بھویان صاحب نے پردہ کی رعایت سے مختصر خطاب فرمایا۔

نماز ظہر وعصر کی ادائیگی اور کھانے کے وقفہ کے بعد دوسرے اجلاس کا آغاز مکرم ناصر رحمٰن صاحب کی تلاوت سے ہوا۔ عزیزم اطہر کاہلوں نے حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا۔

پروگرام کے مطابق مکرم سمیر بخوطہ صاحب نے ''آنحضور ﷺ انسانیت کے رہبر کامل'' کے موضوع پر فرنچ زبان میں تقریر کی۔ جبکہ مکرم مولانا فیروز عالم صاحب بھویان نے ''سیرت حضرت مسیح موعود'' پر روشنی ڈالتے ہوئے نہایت ایمان افروز انداز میں حاضرین کو حضرت اقدس مسیح موعود کی تعلیم پر عمل پیرا ہونے کی تلقین فرمائی۔ اس اجلاس میں غیر از جماعت احباب نے بھی شرکت کی جن کے ساتھ اجلاس کے اختتام پر ایک مجلس سوال وجواب بھی منعقد ہوئی۔ اس مجلس میں ان کے سوالوں کے شافی جواب دیئے گئے۔

تیسرا دن

آج جلسہ سالانہ کا آخری دن تھا جو حسب روایت نماز تہجد سے شروع ہوا۔

اس دن ایک ہی اجلاس رکھا گیا تھا۔ کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم اسرار الحق صاحب نے کی۔ کلام حضرت اقدس مسیح موعود سے چند اشعار پڑھنے کی سعادت خاکسار کو حاصل ہوئی۔

اس اجلاس کی پہلی تقریر مکرم ملک حفیظ احمد صاحب کی تھی۔ انہوں نے دعا کی اہمیت کے موضوع پر حضرت مسیح موعود اور خلفاء کرام کے اقتباسات پیش کئے۔ اس کے بعد مکرم مولانا فیروز عالم صاحب بھویان نے خطاب فرمایا جس میں اللہ تعالیٰ کی صفت شاکر پر روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین کو شکرگزار بندہ بننے اور آنحضور ﷺ پر بہت درود بھیجنے کی نصیحت فرمائی۔

اس اجلاس کی تیسری تقریر مکرم حافظ احسان سکندر صاحب مربی فرانس نے کی۔ آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کے پیدا کردہ روحانی انقلاب کے بارہ میں انتہائی پرجوش اور اثرانگیز تقریر کی۔

اس جلسہ کا اختتامی خطاب مکرم امیر صاحب فرانس نے کیا۔ مکرم امیر صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں آپ کی بیان فرمودہ تعلیم کے مطابق زندگیاں بسر کرنے کی تلقین فرمائی۔

اختتامی دعا کے بعد یہ جلسہ اپنے اختتام کو پہنچا۔

فرانس میں ان دنوں ملکی حالات ناساعد ہونے کے باوجود 22 قومیتوں کے 542 افراد نے شمولیت کی خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ حاضری منتظمین کے لئے حوصلہ افزا تھی۔

اس جلسہ سالانہ کے انتظامی امور کی انجام دہی میں مراکش کے ایک نوجوان کا جذبۂ قربانی بطور خاص قابل ذکر ہے جو ناظم رجسٹریشن تھے۔ جلسہ سالانہ کی ڈیوٹی سے ایک روز قبل ان کے پاؤں میں چوٹ لگ گئی لیکن وہ اس کے باوجود بیساکھیوں کا سہارا لئے جلسہ کے تینوں دن پوری تندہی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہے۔ منتظمین کی طرف سے جب انہیں آرام کا مشورہ دیا گیا تو کہنے لگے کہ ثواب کے ایسے نادر مواقع تو کبھی کبھار میسر آتے ہیں۔ میں اس موقع کو کیسے ہاتھ سے جانے دوں۔

اس جلسہ کے دوران اردو تقاریر کا فرنچ زبان میں اور فرنچ تقاریر کا اردو زبان میں رواں ترجمہ کرنے کا مکمل انتظام تھا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے اس جلسہ سالانہ کے دوران چھ بیعتیں بھی حاصل ہوئیں۔ الحمدللہ

قارئین کرام سے دعاؤں کی درخواست ہے۔

☆......☆......☆

میاں مجید احمد خان منہاس صاحب

مکرم میر عبدالرشید تبسّم صاحب

مکرم عبدالرشید تبسم صاحب ماہ اگست 2005ء کی 21 اور 22 تاریخ کی درمیانی شب کو اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوگئے۔ تقریباً آپ 66-1965ء کے قریب جامعہ سے فارغ التحصیل ہوکر مربی سلسلہ بنے۔ سب سے پہلے ضلع بہاولنگر میں مقرر ہوئے اور اپنی رہائش چک نمبر 168 مراد ضلع بہاولنگر میں رکھی اسی دوران ان کی شادی ہوئی۔ یہاں اس ضلع میں بہت اچھے دن گزارے اور نئی احمدی جماعتیں بھی ان کی وجہ سے چک نمبر 206/ مراد اور چک نمبر 111/6-R میں قائم ہوئیں ان جماعتوں میں کئی سعید روحیں بھی احمدی ہوئیں۔

ان دنوں خاکسار قائد ضلع بہاولنگر خدام الاحمدیہ تھا۔ اس نیک صالح وجود کے ساتھ مل کر اور ساتھ چوہدری ہدایت اللہ صاحب انسپکٹر مال حال جرمنی کے ساتھ مل کر اس ضلع کی کئی مجالس قائم کیں اور ان میں بیداری پیدا کی اور ہر ماہ کسی نہ کسی مجلس میں ماہوار اجلاس مع مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کی ابتدا کی اور ضلعی سالانہ جلسہ ہر سال کرواتے رہے جو بہت کامیاب ہوتے رہے۔ خوش بختی سے اس وقت کے صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے ہمارے جلسہ سالانہ کا چک نمبر 93/6-R میں (محترم حاجی علم الدین صاحب آڑھتی ہارون آباد کے چک میں) افتتاح فرمایا پھر خاکسار کی درخواست پر بیت الذکر کے افتتاح پر چک نمبر 166/ مراد میں بھی تشریف لائے۔

پھر آپ حیدرآباد کراچی وغیرہ بھی مربی سلسلہ رہے اور اعلیٰ کام سرانجام دیا اور اچھی یادیں چھوڑ کر پھر باہر کے ملک میں کوئی چھ سال گزارے اور پھر راولپنڈی مربی رہے بعد میں کیمل پور (اٹک) بھی دو سال مربی رہے اور جب یہ ناچیز جلسہ سالانہ 2000ء میں شامل ہونے کے لئے اسلام آباد ویزہ حاصل کرنے کے لئے گیا تو ملاقات ہوئی پرانی یادیں تازہ ہوئیں اور فرمایا دعاؤں میں ہر جگہ اور ہر وقت یاد رہتے ہو فکر نہ کرو۔ بوقت وفات وہ نائب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ خدمت دین ادا فرما رہے تھے۔ جہاں جہاں بھی مربی سلسلہ رہے اچھی یادیں چھوڑ کر گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اعلیٰ مقام رحمت عطا فرمائے اور درجات بلند فرمائے اور ان کے لواحقین اور اولاد کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

ان کی یاد ہردم دل میں ان خوبیوں کی وجہ سے تھی جو مولا کریم نے ان میں خوب رکھی ہوئی تھیں۔ خوش اخلاق، ملنسار، ہمدرد بہت تھے جہاں بھی جاتے اپنی اچھی یادیں چھوڑ کر جاتے اور دین کی خدمت بھی حسب طاقت بجا لاتے اللہ تعالیٰ ان کو اجر عظیم اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 55994 میں عبدالرؤف

ولد محمد حنیف صابر قوم کمار پیشہ مزدوری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 11-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عبدالرؤف گواہ شد نمبر 1 مولوی نصیر احمد طاہر وصیت نمبر 29432 گواہ شد نمبر 2 عطاء الرحیم ولد عبدالرحمٰن

مسل نمبر 55995 میں اکبر شاہ

ولد سرور شاہ قوم کیشکن پیشہ واقف زندگی عمر 34 سال بیعت 1994ء ساکن سرائے عالمگیر ضلع گجرات بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 10-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/3600 روپے ماہوار بصورت گزارہ الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد اکبر شاہ گواہ شد نمبر 1 رضی احمد ولد چوہدری عبداللطیف گواہ شد نمبر 2 لئیق احمد ولد ملک رشید احمد

مسل نمبر 55996 میں لقمان احمد

ولد محمد یحییٰ قوم تھہیم پیشہ ملازمت عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن عمر آباد مجوکہ ضلع خوشاب بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 13-11-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/3550 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد لقمان احمد گواہ شد نمبر 1 علی ڈنو طاہر مربی سلسلہ ولد علی احمد عباسی گواہ شد نمبر 2 محمد انور مربی سلسلہ ولد محمد حسین شاہد

مسل نمبر 55997 میں نسرین اختر

زوجہ لقمان احمد قوم تھہیم پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن عمر آباد مجوکہ ضلع خوشاب بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 13-11-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور ایک تولہ تین رتی۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/5000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نسرین اختر گواہ شد نمبر 1 علی ڈنو طاہر مربی سلسلہ ولد علی احمد عباسی گواہ شد نمبر 2 محمد انصر ولد محمد حسین شاہد

مسل نمبر 55998 میں حمید اللہ سیال

ولد چوہدری محمد ظفر اللہ سیال مرحوم قوم سیال پیشہ کاشتکاری عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بستی برات شاہ ضلع قصور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 19-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی 34/ ایکڑ واقع تارہ گڑھ مالیتی -/10000000 روپے۔ 2۔ زرعی اراضی برقبہ 99 کنال واقع موضع دوبرجی مالیتی -/500000 روپے۔ 3۔ پلاٹ برقبہ 3 کنال واقع موضع کسیر گڑھ قصور شہر مالیتی -/300000 روپے۔ 4۔ پلاٹ برقبہ 14 مرلہ واقع قصور شہر مالیتی -/150000 روپے۔ 5۔ مکان برقبہ ایک کنال واقع بستی برات شاہ مالیتی -/1200000 روپے۔ 6۔ موٹر سائیکل مالیتی -/45000 روپے۔ 7۔ نقد رقم -/200000 روپے۔ 8۔ مویشی مالیتی اندازاً -/40000 روپے۔ اس وقت مجھے بصورت ٹھیکہ مبلغ -/325000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد حمید اللہ سیال گواہ شد نمبر 1 منیر احمد شاہین مربی سلسلہ ولد جان محمد مرحوم گواہ شد نمبر 2 شیخ محمد یوسف قمر ولد شیخ محمد اسلم

مسل نمبر 55999 میں ملک رشید احمد

ولد غلام حسن قوم ملک بھٹی پیشہ زراعت عمر 64 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سرائے عالمگیر ضلع گجرات بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 17-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ مکان 14 مرلہ مالیتی -/1000000 روپے۔ 2۔ سات مرلہ سفیدہ زمین مالیتی -/70000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار ...... مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ملک رشید احمد گواہ شد نمبر 1 ملک لئیق احمد ولد ملک رشید احمد گواہ شد نمبر 2 چوری رضی احمد ولد چوہدری عبداللطیف

مسل نمبر 56000 میں مبارکہ بیگم

زوجہ عبدالرحمٰن قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ندیری گاؤں ضلع کوٹلی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-12-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 15 تولے مالیتی -/145000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10645 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ مبارکہ بیگم گواہ شد نمبر 1 محمود احمد چوہدری ولد جمال دین گواہ شد نمبر 2 غلام حسین ولد فیروز دین

مسل نمبر 35089 میں عزیزہ

